مالدیپ - چار راتیں / پانچ دن

وقت کا فرق- پاکستان اور مالدیپ کا وقت یکساں ہے
ایک مالدیوین روفیہ = پاکستانی تقریبا نو روپے

پہلا دن

"مالے" انٹرنیشنل ائرپورٹ پر اترنے کے بعد آپ امیگریشن اور کسٹم سے گزرتے ہوئے ائرپورٹ لاؤنج سے باہر تشریف لائیے اور باہر بنے ہوئے کاؤنٹرز میں سے اپنے ہوٹل کے کاؤنٹر پر جاکر بکنگ واؤچر دکھائیں- کاؤنٹر پر موجود اسٹاف آپ کو ہوٹل تک پہنچانے کا انتظام کرے گا.

مالدیپ

بحیرہ عرب میں سری لنکا سے 700 کلو میٹر مغرب اور کراچی سے تقریبا ڈھائی ہزار کلو میٹر جنوب میں واقع مالدیپ، ایشیا کا سب سے چھوٹا ملک ہے جو کہ دراصل 1200 جزائر کا مجموعہ ہے جن میں سے صرف 200 جزیروں پر انسانی آبادی ہے ان تمام جزائر کی مجموعی آبادی سوا چار لاکھ لوگوں کے لگ بھگ ہے. یہ تمام جزائر سمندر کی سطح سے 3 سے 5 فٹ تک اونچے ہیں اور ملک کا بلند ترین مقام بھی سطح سمندر سے صرف 7 فٹ اونچا ہے مالدیپ کو 22 انتظامی حصوں میں بانٹا گیا ہے ہر حصہ ایٹول کہلاتا ہے، ہر ایٹول میں کئی الگ الگ جزیرے ہوتے ہیں جن میں سے کچھ پر مقامی لوگ رہتے ہیں اور کچھ پر سیاحوں کے لئے ہوٹل بنا دیئے گئے ان ہوٹلوں میں ہر ممکن آسائش فراہم کی گئی ہے اور درجہ بندی کے لحاظ مالدیپ کے جزیروں پر بنے یہ ہوٹل اور ریزورٹ انتہائی پر آسائش اور دلچسپ ہیں. ان جزیروں کی سفید ریت کی وجہ سے آپ سمندر کی تہہ تک با آسانی دیکھ سکتے ہیں.

پورے ملک میں کوئی دریا اور پہاڑ نہیں ہے، اس سبب سے مقامی لوگوں کو پانی کے لئے صرف بارش کا انتظار کرنا پڑتا تھا مگر پچھلے چند عشروں میں سمندر کے پانی کو میٹھا کرنے کے چند پلانٹ لگ جانے کے بعد صورت حال کافی بہتر ہوچکی ہے، کیونکہ مالدیپ میں زراعت اور جانوروں کی افزائش بالکل برائے نام ہے اس کے سبب یہاں غذائی اشیا مہنگی ہیں. مگر سیاحوں کے ہوٹلوں میں ہر چیز وافر دستیاب ہے.مقامی جزیروں پر عام رہائشی ہوٹل موجود ہیں مگر سیاحوں کے لئے جزیروں پر ہوٹلوں میں قیام کے انتظام کا معیار انتہائی آسائشی اور آرام دہ ہے.

مالدیپ کی مقامی زبان "دی واہی" کہلاتی ہے اور یہ صرف مالدیپ میں بولی اور سمجھی جاتی ہے، مورخ اس کا رشتہ سری لنکا کی **سنہالی** اور جنوبی ہند کی قدیم زبان **پالی** سے جوڑتے ہیں، مالدیپ کی قدیم تاریخ کے بارے میں ہمیں زیادہ معلومات نہیں ملتیں مگر خیال کیا جاتا ہے کہ اولین انسان یہاں جنوبی ہند سے آئے ان کی مذہب اور معاشرت کے بارے میں ہم لاعلم ہیں مگر تیسری صدی قبل مسیح میں یہاں بدھ مذہب پہنچا جو اگلے پندرہ سو سال تک پھلتا پھولتا رہا یہاں تک کے عرب جہاز رانوں اور تاجروں کے ذریعہ یہاں اسلام پہنچا اور تمام ملک نے بارھویں صدی میں اسلام قبول کرلیا. 1341 میں ابن بطوطہ یہاں آئےاور اپنے سفر نامے میں انہوں نے قیام مالدیپ کے دوران یہاں کے لوگوں کی سادگی اور طرز معاشرت کا خاص طور سے ذکر کیا ہے۔ مالدیپ دنیا کا واحد ملک ہے جس کی سو فیصد آبادی مسلمان ہے- سولہویں صدی کے وسط میں پرتگیزیوں نے مالدیپ پر قبضہ کرلیا اور پرتگیزی روایات کے مطابق انتہائی سختی سے حکومت کی مگر وہ یہ قبضہ 100 سال کے قریب ہی برقرار رکھ سکے اور سترھویں صدی کے وسط میں ہالینڈ کے دلندیزی حملہ آوروں نے پرتگیزیوں کو شکست دے کر مالدیپ کی حکومت سنبھال لی مگر وہ دو عشرے ہی اس ملک میں رہ سکے اور 14 سال کے بعد ہی انگریزوں کے بڑھتے ہوئے سایہء اقتدار نے سیلون کے ساتھ مالدیپ کو بھی حکومت انگلیشہء میں شامل کر کے دلندیزیوں کو یہاں سے نکال دیا.

www.totaltravels.pk

1887 میں انگریزوں نے مالدیپ کے سلطان سے ایک معاہدے کے تحت ان جزائر پر مکمل طور پر کنٹرول حاصل کرلیا۔
1965 میں مقامی لوگوں نے تاج برتانیہ سے آزادی حاصل کی اور اگلے تین سال تک مالدیپ کی حیثیت ایک سلطنت کی رہی۔
1968 میں عوامی مجلس (نیشنل اسمبلی) نے اتفاق رائے سے مالدیپ کو ایک جمہوری ملک کی حیثیت دی اور اس طرح بادشاہت کا مکمل خاتمہ کردیا گیا.

مالدیپ کا شمار دنیا کے انتہائی خوبصورت مقامات میں ہوتا ہے ائرپورٹ سے باہر نکلتے ہی آپ ٹیکسی کے بجائے کشتی لیتے ہیں اور کھلے سمندر میں سفر کرتے ہوئے اپنے ہوٹل تک پہنچتے ہیں. عام طور پر ایک جزیرے پر صرف ایک ہوٹل ہوتا ہے اور اس کے علاوہ کسی قسم کا کوئی بازار یا دکانیں نہیں ہوتیں آپ کو ضرورت کی اشیا ہوٹل کے اندر ہی سے لینی پڑتی ہیں.
تمام تفریحات خواہ وہ ہوٹل کے اندر ہوں یا سمندری تفریحات ہوں. ان کا انتظام بھی ہوٹل ہی کرتا ہے.
مالدیپ کا موسم تمام سال یکساں رہتا ہے، یہاں سردی نہیں پڑتی اور باوجود بارشیں زیادہ ہونے کے، موسم گرم رہتا ہے، درجہ حرارت اوسطا دن میں 32 اور رات میں 26 ڈگری سینٹی گریڈ تک ہوجاتا ہے.
یہاں کا دارلخلافہ "مالے" ہے- جس کی لمجائی 1.7 کلو میٹر. چوڑائی ایک کلو میٹر اور آبادی ایک لاکھ سے زائد ہے دنیا کے گنجان ترین آباد شہروں میں مانا جاتا ہے اس کے ایک کلو میٹر میں 50 ہزار سے زائد افراد آباد ہیں. حال ہی میں چین نے ڈیڑھ کلو میٹر لمبا پل بنا کر "مالے" کے جزیرے کو ائرپورٹ اور " ہولو مالے" کے جزیروں سے ملا دیا ہے اس سے پہلے یہ کشتی میں ساڑھے تین کلو میٹر کا راستہ تھا.

خیال رکھئے مالدیپ میں قیام کے دوران آپ کو دھوپ سے بچاؤ کے لئے دن کے اوقات میں **سن بلاک کریم** کی شدید ضرورت رہتی ہے اس لئے اپنے ساتھ انتہائی اچھے معیار کی **سن بلاک کریم** لے کر جایئں.

مالدیپ میں الکوحل یا بیئر پر کوئی پابندی نہیں ہے اور تقریبا ہر ریزورٹ پر الکوحلک مشروبات دستیاب ہیں مگر خیال رکھئے آپ مالدیپ میں داخل ہوتے وقت اپنے ساتھ کوئی الکوحل نہیں لے جا سکتے.

اپنے مطلوبہ جزیرے پر پہنچ کر آپ ہوٹل میں چیک ان کریں گے

مالا ہینی کوڈا بینڈوز آئی لینڈ

نارتھ مالے ایٹول، مالدیپ

4 اسٹار ٹورسٹ ریزورٹ

مقام: نارتھ مالے ایٹول
09 کلو میٹر انٹرنیشنل ائرپورٹ سے
15 منٹ اسپیڈ بوٹ کا سفر
یہ جزیرہ بحیرہ عرب میں کھلے سمندر میں کراچی سے تقریبا ڈھائی ہزار کلو میٹر پر واقع ہے مالا ہینی کا جزیرہ مالدیپ کے انٹرنیشنل ائرپورٹ سے اور دارلخلافہ مالے کے جزیرے سے 9 کلو میٹر کے فاصلے پر ہے. اسپیڈ بوٹ سے یہ سفر 15 سے 20 منٹ میں طے کیا جاتا ہے جب کہ روایتی مالدیوین " دھونی " کشتی میں آپ کا یہ سفر تقریبا 45 منٹ میں مکمل ہوگا.

تفصیل: مالا ہینی کوڈا بینڈوز آئی لینڈ ریزورٹ ہوٹل ایک 400 میٹر لمبے جزیرے پر بنایا گیا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ چوڑائی تین سو میٹر ہے یہ جزیرہ بہت سر سبز ہے- جگہ جگہ ناریل کے درختوں نے سایہ کیا ہوا ہے اور آپ جس طرف دیکھیں پودے نظر آتے ہیں، جزیرے کا ساحل سفید ریت سے بنا ہے جس کی وجہ سے اطراف کا نیلگوں سمندر انتہائی دلکش نظر آتا ہے- ہوٹل سے 40 میٹر دور سمندر میں مرجان کی خوبصورت چٹانیں ہیں جو پیراکوں کے لئے دلچسپی کا باعث ہیں، یہ جزیرہ قدرتی طور پر بہت خوبصورت ہے اور ہوٹل کی انتظامیہ نے جدید ترین سہولیات فراہم کر کے مہمانوں کے لئے یہاں

www.totaltravels.pk

قیام کو انتہائی آرام دہ بنادیا ہے. پیڑ پودوں کے درمیان سبزے سے گھرے 83 کمرے اس ہوٹل کو سیاحوں میں مقبول بناتے ہیں۔ ہوٹل میں قیام پزیر مہمانوں کے لئے ہوٹل کی انتظامیہ "مالے" جانے اور دوسری سمندری تفریحات کا انتظام بھی کرتی ہے (قیمتا") جس میں مچھلیاں پکڑنے کے لئے کشتی کی فراہمی، اسکوبا ڈائونگ، سمندر میں وہیل مچھلی کا نظارہ کرنے کا ٹور اور رات کو سمندری سیر بھی شامل ہیں.

کمرے: مالا ہینی ہوٹل میں 83 کمرے ہیں جو مختلف سائزوں کے ہیں اور کیٹیگیری کے لحاظ سے کمرے کا سائز بدلتا رہتا ہے یہاں موجود کمروں میں اسٹینڈرڈ، سپیرئر، ڈیلکس اور بیچ بنگلو کیٹیگیریز شامل ہیں، زیادہ تر کمرے سمندر کے رخ پر بنے ہیں. کمروں کی تعمیر میں لکڑی کا استعمال زیادہ ہے اور فرنیچر روایتی مالدیوین طرز کا ہے. کمرے میں گرم اور ٹھنڈے پانی کا شاور اور ہیئر ڈرائیر شامل ہے.

ریسٹورنٹ: ہوٹل کے اندر دو ریسٹورنٹ ہیں جو صبح کے اوقات میں ناشتہ اور دن کے بقیہ حصے میں مزےدار مالدیوین اور بین الاقوامی اور سمندری کھانے (سی فوڈ) فراہم کرتے ہیں اس کے علاوہ ہوٹل میں ایک بار اور لاؤنج میں ایک کافی شاپ موجود ہے. جہاں آپ ہلکے پھلکے اسنیکس لے سکتے ہیں.

بیڈروم: کمروں کی کل تعداد: **83**

جس میں 32 گارڈن روم، 10 کلاسک، 09 ڈیلکس، 10 سپیرئیر اور 22 بیچ بنگلو شامل ہیں.

کمرے کی سہولیات: دوپہر دو بجے چیک ان، بارہ بجے دوپہر چیک آؤٹ، ائیر کنڈیشنگ، 24 گھنٹے روم سروس، ہیئر ڈرائیر، لانڈری، منی بار، فون، سیٹلائٹ ٹی وی، سیف ڈپازٹ بکس، ٹیرس سٹنگ ایریا، ان ہاؤس موویز، اوپن ائیر شاور، اٹیچڈ باتھ، بجلی 220 وولٹ، معذوروں کے لئے سہولتیں.

ہوٹل کی سہولیات: ایئرکنڈیشنگ، بے بی سٹنگ، بزنس سینٹر، کانفرنس ہال، سیفٹی ڈپازٹ لاکرز، کافی شاپ، ریسٹورنٹس، بار، بیوٹی سیلون، آوٹ ڈور سوئمنگ پول، ٹینس کورٹ، واٹر اسپورٹس، ایروبک سینٹر، جمنازیم، انٹرنیٹ، لانڈری، سووینئیر شاپ، ٹیبل ٹینس، والی بال، واٹر اسکی انگ، ونڈسرفنگ، قریب کے جزیروں پر جانے کے لئے بوٹ کی سہولت (ان میں سے کئی سہولتیں مفت ہیں اور کچھ آپ قیمتا لے سکتے ہیں. برائے مہربانی ہوٹل ریسیپشن سے چیک کرلیں)

دن کا بقیہ حصہ آپ اپنی مرضی سے گزارنے کے لئے آزاد ہوں گے

دوسرا دن

مالدیپ میں تفریحی ایکٹیویٹیز

مالدیپ کے جزیرے بحیرہ عرب کے پانیوں میں موتیوں کی طرح بکھرے ہوئے ہیں، ان جزیروں پر سیاحوں کے لئے انتہائی آرام دہ ہوٹل بنائے گئے ہیں.ان جزیروں پر چونکہ مہمانوں کو کئی کئی دن قیام کرنا ہوتا ہے اس لئے ہوٹل انتظامیہ ان سیاحوں کے آرام اور غذا کے ساتھ ساتھ ان کی دلچسپی قائم رکھنے کی غرض سے نوع بہ نوع تفریحات کا انتظام کرتی ہے تاکہ مہمان یکسانیت سے اکتا نہ جائیں اس مقصد کے پیش نظر آپ کو سمندر سے متعلق مختلف نوع کی تفریحات فرہم کی جاتی ہیں جس میں سے کچھ ہوٹل کی طرف سے مفت ہوتی ہیں اور کچھ تفریحات، آپ کو اپنی ترجیحات کے لحاظ سے قیمتا" لینی ہوتی ہیں.

آپ جس ہوٹل میں رک رہے ہیں وہاں ممکن ہے کہ دیگر تفریحات کے ساتھ درج ذیل ایکٹیویٹیز بھی دستیاب ہوں (خیال رکھئے یہ ضروری نہیں کہ ہر جزیرے یا ریزورٹ (ہوٹل) پر یہ تمام ایکٹیویٹیز موجود ہوں- برائے مہربانی ہوٹل ریسیپشن سے چیک کریں)

کیٹا ماران سیلنگ: یہ کشتی دو متوازی حصوں کو جوڑ کر بنائی جاتی ہے اور اس کا نچلا حصہ کھوکھلا ہونے کی وجہ سے یہ پانی کی موجوں کا مقابلہ زیادہ بہتر انداز سے کر سکتی ہے، آپ چاہیں تو اسکی اوپری سطح پر بیٹھ کر سمندری لہروں میں جھولنے کا لطف اٹھائیں یا گھرے سمندروں کا رخ کریں.

www.totaltravels.pk

ونڈ سرفنگ: اگر آپ دھوپ، سمندر اور ایکسر سائز ایک ساتھ چاہتے ہیں تو ونڈ سرفنگ ایک انتہائی مناسب انتخاب ہے، اگر آپ ونڈ سرفنگ کا شوق رکھتے ہیں مگر اس میں مہارت نہیں، تو ہوٹل کے تجربہ کار انسٹرکٹرز آپ کی رہنمائی کے لئے موجود رہیں گے.

کینوئنگ: لکڑی یا ایلومینیم سے بنی یہ پتلی سی کشتی" **کینوئے**"اندر سے کھوکھلی ہوتی ہے اور اس کے دونوں سرے پانی کو آسانی سے کاٹنے کے لئے نوکیلے بنائے جاتے ہیں، کینوئے کا زیادہ استعمال آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے پر شور سمندروں اور دریاؤں میں کیا جاتا ہے، عام طور پر یہ کشتی بے جوڑ بنائی جاتی ہے اور پر شور پانیوں میں محفوظ سمجھی جاتی ہے. مالدیپ میں اسی کشتی کو سمندری تفریح کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ زیادہ تر سمندر میں ہونے والی کشتیوں کی دوڑ میں استعمال ہوتی ہے.

جیٹ اسکی انگ: خشکی پر چلنے والی موٹر سائیکل کی طرز پر سمندر میں چلنے والی یہ اسکوٹر جاپان کی مشہور کمپنی کاواساکی نے متعارف کروائی اس کی لمبائی آٹھ سے نو فٹ ہوتی ہے، عام اسکوٹر کی طرح اس پر بھی دو سے تین افراد بیٹھ سکتے ہیں پانی کی بپھری ہوئی موجوں میں ایک تھرل رائڈ کے لئے جیٹ اسکی انگ ایک بہترین سواری ہے.

واٹر اسکی انگ:اس سمندری کھیل میں برف پر اسکیٹنگ کی طرز پر ایک تختہ کو اسپیڈ بوٹ سے منسلک کردیا جاتا ہے، کھلاڑی تختے کے اوپر کھڑے رہ کر پانی کی موجوں کے اوپر سفر کرتے ہیں لائف جیکٹ پہنے ہونے کی وجہ سے آپ پانی میں محفوظ رہتے ہیں۔ ایک اسپیڈ بوڈ کے ساتھ کئی تختے ایک ساتھ بھی باندھے جا سکتے ہیں اور اس صورت میں کئی کھلاڑی ایک ساتھ اسکی انگ کرتے ہیں.

پیرا سیلنگ: اس کھیل میں ایک پیرا شوٹ کو بوٹ سے باندھ دیا جاتا ہے، بوٹ چلنے کی صورت میں ہواکے بہاؤ اور دباؤ کے باعث پیراشوٹ فضا میں بلند ہوجاتا ہے اور آپ خود کو بغیر پروں کے ہوا میں اڑتا محسوس کرتے ہیں اتنی بلندی سے حد نگاہ تک پھیلے نیلے سمندر اور اس میں بنے ہوئے جزیروں کا نظارہ زندگی بھر کے لئے یادگار رہتا ہے سفر کے اختتام پر بوٹ رکنے کے بعد آپ کا پیراشوٹ ہلکےہلکے اترتا ہوا سمندر کی سطح پر آجاتا ہے۔ اس میں سوار فرد کو پیراشوٹ پر کنٹرول نہیں ہوتا اور یہ صرف بوٹ کی مدد کے سہارے فضا میں رہتا ہے

www.totaltravels.pk

پیرا گلائڈنگ: ایڈوینچر واٹر اسپورٹس میں پیرا گلائڈنگ سرفہرست ہے، گلائیڈر میں ایک سیٹ (بڑے گلائیڈر میں دو سیٹیں) لگی ہوتی ہیں گلائیڈر کو بوٹ کے پیچھے باندھ کر ہوا کی مدد سے فضا میں بلند کیا جاتا ہے اور پھر اس کو بوٹ سے علیحدہ کردیا جاتا ہے پیرا سیلنگ کے بر عکس پیرا گلائیڈنگ میں آپ کئی گھنٹے بغیر بوٹ کے سہارے کے فضا میں پرواز کر سکتے ہیں اور اس پرواز کے دوران اس کی پرواز کو کنٹرول بھی کر سکتے ہیں.

اسکوبا ڈائیونگ: سمندر کی اندرونی سطح کو قریب سے دیکھنے، سمندری مخلوق اور آبی پودوں کے درمیان چہل قدمی کے لئے اسکوبا ڈائیونگ کی جاتی ہے اسکوبا ڈائیونگ کے دوران ڈائیور کی پشت پر آکسیجن کے سیلنڈر باندھ دیئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے تہہ آب سانس لیا جا سکتا ہے اور سیلنڈر کے وزن کی مدد سے آپ سمندری تہہ پر با آسانی چہل قدمی بھی کرسکتے ہیں۔ اس کے لئے آپ کا ماہر تیراک ہونا ضروری نہیں ہے اور ہوٹل کے انسٹرکٹرز کی موجودی میں آپ اسکوبا ڈائیونگ سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں.

بیچ والی بال: عام طور پر تمام ریزورٹس میں ساحل پر بیچ والی بال کا کورٹ موجود ہوتا ہے، عام والی بال بیچ والی بال میں سوائے اس کے کہ یہ گیم تیز سمندری ہواؤں کے درمیان ساحل کے بلکل ساتھ بنے کورٹ میں کھیلا جاتا ہے اور کوئی فرق نہیں ہے.



اسپا: پانی کے ساتھ مختلف نمکیات اور معدنیات حل کر کے مساج اور غسل دلوانے کی جگہ کو "**اسپا**" کہا جاتا ہے، عام طور پر مالدیپ میں موجود تمام ریزورٹ اسپا کی سہولت فراہم کرتے ہیں، عام خیال کیا جاتا ہے کہ دن بھر کی تھکن اور گردو غبار کے بعد اسپا نہ صرف تھکن اتار کر انسان کو تازہ دم کرتا ہے بلکہ مختلف جڑی بوٹیوں اور پھولوں کے عرق پر مشتمل یہ پانی اور نمکیات انسانی جلد کے لئے بھی فائدہ مند ہیں۔
عام طور پر اسپا میں سمندری پانی استعمال کیا جاتا ہے.

اسنارکلنگ: پانی کی سطح کے بلکل نیچے پیرا کی کرتے ہوئے سانس لینے کے لئے ایک خاص طرز کا پائپ استعمال کیا جاتا ہے جس کو **اسنارکل** کہا جاتا ہے اور اس کی مدد سے پیراکی کرنے کے عمل کو اسنارکلنگ، مالدیپ میں ساحلی مٹی کی رنگت سفید ہونے کی وجہ سے آپ سمندر کی تہہ تک با آسانی دیکھ سکتے ہیں۔ آنکھوں پر اشناف ماسک اور مہنہ میں ایک اسنار کل پائپ دبا کر آپ سمندر میں اترتے ہیں اور با آسانی سانس لیتے ہوئے سمندر میں موجود خوبصورت مچھلیوں اور اطراف میں پھیلے آبی نباتات اور پودوں کا نظارہ کر سکتے ہیں۔ اس دوران آپ کو ہوٹل کے پیشہ ور غوطہ خوروں کی مدد حاصل ہوتی ہے.

totaltravels.pk

سی سرفنگ: اس ایڈوینچرس سمندری کھیل میں اونچی اور گھومتی ہوئی لہروں پر ایک تختہ کی مدد سے اسکی انگ کی جاتی ہے۔ مخالف سمت سے آنے والی لہروں کو لکڑی کے ایک بورڈ پر کھڑے ہوکر عبور کیا جاتا ہے، اس کھیل میں حصہّ لینے کے لئے پیراکی میں مہارت لازمی ہے اس کھیل میں صرف ماہر غوطہ خوروں کی موجودگی میں ہی شامل ہوں.

جیٹ بلیڈ: جیٹ بلیڈ، مالدیپ میں متعارف کرایا گیا انتہائی جدید کھیل ہے، اس کھیل کے دوران کھلاڑی اسکی انگ بورڈ پر کھڑے ہوتے ہیں، اس بورڈ کے ساتھ ایک ھوز پائپ منسلک ہوتا ہے جس سے سمندر کے پانی کو کھینچ کر اتنے ہی پریشر کے ساتھ واپس سمندر کی سطح پر پمپ کیا جاتا ہے کہ بورڈ کھلاڑی سمیت سمندر کی سطح سے فضا میں بلند ہوجاتا ہے، اس کھیل میں حصہ لینے سے بیشتر آپ کو ٹریننگ کلاس لینی ہوتی ہے اور کھیل کے دوران آپ کی حفاظت کے لئے ماہر انسٹرکٹر موجود رہتے ہیں.

صبح ناشتہ کے بعد آپ دن کا بقیہ حصہ اپنی مرضی سے گزار سکتے ہیں، چاہیں تو آپ کے کمرے کے سامنے ساحل پر بیٹھ سکتے ہیں. پیراکی سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں یا بوٹ لے کر قرب و جوار کے جزیروں پر جا سکتے ہیں. ہوٹل میں انڈور گیمز کی سہولت بھی موجود ہے.

تیسرا دن / چوتھا دن

صبح ناشتہ کے بعد آپ دن کا بقیہ حصہ اپنی مرضی سے گزار سکتے ہیں، چاہیں تو آپ کے کمرے کے سامنے ساحل پر بیٹھ سکتے ہیں. پیراکی سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں یا بوٹ لے کر قرب و جوار کے جزیروں پر جا سکتے ہیں. ہوٹل میں انڈور گیمز کی سہولت بھی موجود ہے.

پانچواں دن

براہ مہربانی ایک دن پہلے ہوٹل کے ریسیپشن سے ائرپورٹ روانگی کے لئے بوٹ کا وقت معلوم کریں اور مقررہ وقت پر ریسیپشن پر پہنچ جائیں تاکہ بوٹ آپ کو وقت پر ائرپورٹ پہنچا سکے.

ٹور کا اختتام

ٹور میں شامل ہیں

ائیر ٹکٹ
ائرپورٹ پک اینڈ ڈراپ
جزیرہ پر اسٹار کلاس ہوٹل میں رہائش
بریک فاسٹ، لنچ اور ڈنر
شام کو ریسٹورنٹ میں چائے اور اسنیکس
ہوٹل میں گیمز کی سہولت بھی موجود ہے.

رابطہ کیجئے:
ٹوٹل ٹریول سروسز
بلاک 5، مین راشد منہاس روڈ گلشن اقبال کراچی
فون نمبر (021) 34834720, 34810188, 34810189, 34834660
ویب سائٹ - www.totaltravels.pk ای میل - info@totaltravels.pk totaltravels97@yahoo.com

www.totaltravels.pk

Total Travel Services

A-2, Plot 14/FL-4, Block 5, KDA Scheme 24, Near Shan Hospital, Main Rashid Minhas Road, Gulshan e Iqbal, Karachi 75300
(Govt Lic 2760) Ph: (021) 34834720, 34810188, 34810189, 34834660 totaltravels97@yahoo.com info@totaltravels.pk

www.totaltravels.pk

ہوائی جہاز کے ٹکٹ کی دکان

تعداد	قیمت	رہائش	ائیرپورٹ پک اینڈ ڈراپ	ٹورز
ایک فرد	231600	ایک فرد کے لئے کمرہ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
دو افراد	303600	دو افراد کے لئے کمرہ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
تین افراد	439440	تین افراد کے لئے ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
چار افراد	607200	دو ڈبل روم	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
دو افراد + ایک بچہ (02 - 10 Yrs Old)	393520	صرف ایک ڈبل بیڈ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
دو افراد + ایک بچہ (10 - 12 Yrs Old)	425440	ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
دو افراد + دو بچے (02 - 08 Yrs Old)	451520	صرف ایک ڈبل بیڈ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
دو افراد + دو بچے (08 - 12 Yrs Old)	483440	ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین
دو افراد + تین بچے (02 - 10 Yrs Old)	541440	ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ	بوٹ ٹرانسفر	پرائیویٹ A/C گاڑی یا مشترکہ وین

www.totaltravels.pk